SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1979

کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1979

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and Commencement

۲۔ ۱۹۵۷ کے پی۔او۵ کی ترمیم

Amendment of P.O.5 of 1957

سندھ آرڈیننس نمبر IV مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO.IV OF 1979

کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE KARACHI DEVELOPMENT AUTHORITY (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1979

[۲۱ جنوری ۱۹۷۹]

آرڈیننس جس کی توسط سے کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان جس کو قوانین (نافذ ہونے والا تسلسل) والے حکم، ۱۹۷۷ کے ساتھ پڑھا جائے، اس کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and Commencement

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۵۷ کے پی۔او ۵ کی ترمیم
Amendment of P.O.5 of 1957

۲۔ کراچی ڈولپمنٹ اتھارٹی آرڈر، ۱۹۵۷ کے آرٹیکل ۸ میں:

(i) شق (۲) میں موجود ذیلی شق کو مندرجہ ذیل شقوں سے متبادل بنایا جائے گا:

"(a) اس صورت میں کہ جب ایسی ملازمتیں جو گریڈ ۱ سے ۹ والے نیشنل پے اسکیل والی ہوں گی، ان کے لیئے محکمے کا سربراہ یا دوسرا عملدار جو ۱۸ گریڈ سے کم نہ ہو گا، یا جس کو بااختیار بنایا گیا ہے۔

(b) اس صورت میں کہ جب ایسی ملازمتیں جو گریڈ ۱۰ سے ۱۵ والے نیشنل پے اسکیل والی ہوں گی، ان کے لیئے ڈائریکٹر جنرل یا دوسرا عملدار جو ۱۹ گریڈ سے کم نہ ہو گا، یا جس کو بااختیار بنایا گیا ہے۔

(c) اس صورت میں کہ جب ایسی ملازمتیں جو گریڈ ۱۶ سے ۱۷ والے نیشنل پے اسکیل والی ہوں گی، ان کے لیئے چیئرمین یا دوسرا عملدار جو ۲۰ گریڈ سے کم نہ ہو گا، یا جس کو بااختیار بنایا گیا ہے۔

(d) اس صورت میں کہ جب ایسی ملازمتیں جو گریڈ ۱۸ والے نیشنل پے اسکیل والی ہوں گی، ان کے لیئے گورننگ باڈی بااختیار ہو گی؛ اور

(e) اس صورت میں کہ جب ایسی ملازمتیں جو گریڈ ۱۹ سے ۲۰ والے نیشنل پے اسکیل والی ہوں گی، ان کے لیئے صوبائی حکومت کی منظوری سے گورننگ باڈی بااختیار ہو گی۔"۔

(ii) شق (۳) میں موجود ذیلی شقوں کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

"(a) ڈائریکٹر جنرل کے لیئے، اگر محکمے کے سربراہ نے کوئی حکم جاری کیا ہو؛

(b) گورننگ باڈی کے لیئے، اگر ڈائریکٹر جنرل کی طرف سے کوئی حکم جاری کیا گیا ہو؛

(c) صوبائی حکومت کے لیئے، اگر گورننگ باڈی یا چیئرمین کی طرف سے کوئی حکم جاری کیا گیا ہو۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔